Roll No __________

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**

**(For all Sessions)**

# اردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ - I

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (2x5=10)

### حصہ نظم

(i) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(ii) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

### حصہ غزل

(i) مزا غم کے کھانے کا جن کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھو یا کیا

(ii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10)

(الف) شیخ جمن کی ایک بوڑھی بیوہ خالہ تھیں۔ ان کے پاس کچھ تھوڑی سی ملکیت تھی مگر غریب کا وارث کوئی نہ تھا۔ جمن نے وعدے وعید کے سبز باغ دکھا کر خالہ اماں سے وہ ملکیت اپنے نام کرا لی تھی۔

(ب) چند بلیاں گھر میں سارے چوہوں کو ختم کر سکتی ہیں۔ چوہے تو رفع ہو جائیں گے مگر بلیاں رہ جائیں گی۔ بلیاں دن بھر میک اپ کرتی ہیں، ان کی جلد پر طرح طرح کے ڈیزائن ہوتے ہیں۔ موٹی بلیاں اپنے جسم پر لمبائی میں سیدھی دھاریاں بنالیں تو ان کا موٹاپا چھپ سکتا ہے۔ وہ چھریری اور کیوٹ معلوم ہوں گی۔

4۔ ذیل میں سے درج کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہلِ قریش نے حضور ﷺ کو اسلام کی روک تھام کے لیے کیا کیا پیش کش کیں؟

(ii) غالب نے اپنا چوغہ کس کو دیا اور کیوں؟

(iii) سبق "کابلی" کے کوئی سے دو مقاصد تدریس بیان کریں؟

(iv) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر جو اثرات ہوئے تحریر کریں؟

(vi) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی وضاحت کریں۔

(vii) شاعر (امیر مینائی) کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(viii) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ (05)

الف۔ ہوا اور قالین ب۔ مرزا غالب کے عادات و خصائل

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (05)

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام بیماری کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8۔ "ہرنی کی دُعا" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** اُستاد اور شاگرد کے درمیان "تاریخ پاکستان" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (05)

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

(i) دل کو چاہا تو ضرور آؤں گا۔

(ii) عزیز کو گلاس توڑ دی۔

(iii) شائزہ نے کتاب پڑھی اور سونے چلی گیا۔

(iv) گھوڑے فروخت کر کے سونا۔

(v) میں نے کتاب کو پڑھنا ہے۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) نہ رہے بانس نہ بجے __________

(ii) خدمت کو __________ ہے۔

(iii) شیخی اور __________

(iv) تخم تاثیر __________

(v) آپ آئے __________